Fazil / Tanveer

26-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- برکس کا 12 واں پارلیمانی فورَم آج سے نئی دِلّی میں شروع ہورہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اِس تقریب میں شرکت کریں گے اور مہمان وفود کے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ملکی معاملات کے آلۂ کار کے طور پر دہشت گردی کا استعمال ناقابل قبول ہے اور اِسے کبھی جائز یا معقول نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

3- ISRO کے چیئرمین وی-نارائنن نے کہا ہے کہ بھارت، کارکردگی انجام دینے والے چار لانچ پیڈ 2029 تک شروع کرکے اپنے خلائی کام کاج کو خاطرخواہ وسعت دے گا۔

4- امکان ہے کہ خلیج بنگال پر ہوا کا گہرا کم دباؤ شدت اختیار کرکے آج سمندری طوفان میں بدل جائے۔

5- برازیل کے بائیں بازو کے صدر Lula Da Silva چوتھی مدت کیلئے منتخب کئے گئے ہیں۔ اُنہوں نے Flavio Bolsonaro کو سنسنی خیز طریقے سے ہرایا۔

6- اور......خواتین کرکٹ میں دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے زمبابوے کو 121 رن سے شکست دی۔ اِس طرح وہ تین میچوں کی سیریز میں دو-صفر سے ناقابل تسخیر سبقت حاصل کرگیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. BRICS Parliamentary Forum

بارھواں بِرکس پارلیمانی فورم آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگا۔ اس دو روزہ تقریب کا عنوان ہے: ''عوام مرکوز ترقی کیلئے پارلیمنٹ کو تحریک دینا''۔ وزیر اعظم نریندر مودی اس تقریب میں شرکت کریں گے اور وفود سے ملاقات کریں گے۔ اس تقریب کیلئے 11 بِرکس رکن ممالک اور 10 ساجھیدار ملکوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن ممالک کے پارلیمانی وفود میٹنگ میں حصہ لیں گے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Samarth

لوک سبھا اسپیکر اور فورم کے چیئر پرسن اوم برلا، آج سے شروع ہو رہے بارھویں بِرکس پارلیمانی فورم کی صدارت کریں گے۔ اس موقعے پر جناب برلا دوطرفہ ملاقاتوں کے

دوران وفود کے رہنماؤں سے بات چیت کریں گے۔

بِرکس پارلیمانی فورم کے ورثے کو آگے بڑھاتے ہوئے اس بارہویں فورم کا مقصد اعلیٰ سطحی جلسوں کے ذریعے اتفاقِ رائے پر مبنی بات چیت کو فروغ دینا ہے۔ یہ جلسے، لچک، جدّت طرازی، اشتراک اور پائیداری پر مبنی ہوں گے۔ اس کے علاوہ تقریب میں بِرکس اراکین اور ساجھیدار ملکوں کی پارلیمنٹس کی بین الاقوامی امور کی کمیٹیوں کے صدور کی میٹنگ ہوگی، جس میں پارلیمانی سفارت کاری، صلاحیت سازی اور بہترین طریقوں کے تبادلے پر غور وخوض کیا جائے گا۔

بھارت کی میزبانی والا بارہواں بِرکس پارلیمانی فورم، اراکین اور ساجھیدار ملکوں کے درمیان پارلیمانی سفارت کاری کو فروغ دینے، جمہوری اداروں کو استحکام بخشنے اور اشتراک بڑھانے کا موقع فراہم کرے گا۔

نئی دلّی سے سمرتھ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Birla Brics Article

لوک سبھا اسپیکر اور BRICS کے بارہویں پارلیمانی فورَم کے صدرنشیں اوم برلا نے آج کہا ہے کہ BRICS، عالمی جنوب کے ایک بااثر ناظم اور کثیر ملکی نظام کے تانے بانے کیلئے ایک اہم ترین طاقت کی شکل اختیار کرگیا ہے۔

ایک روزنامہ اخبار میں اپنے ایک مضمون میں جناب برلا نے کہا ہے کہ BRICS ملکوں کے مابین بڑھتی ہوئی سرگرمیوں سے، BRICS پارلیمانی فورَم کے ذریعے اِس کے پارلیمانی پہلو کو بھی تقویت ملے گی۔×

PM Odisha Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے بینکنگ نظام کو سائبر دہشت گردی سے بچانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جناب مودی نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ نئی جنگیں صرف روایتی طریقوں سے نہیں لڑی جا رہی ہیں، بلکہ اس میں معیشتوں کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ جناب مودی، کل شام اُڈیشہ کے بھوبنیشور کے نزدیک جاٹنی کے مقام پر ریزرو بینک آف انڈیا کے ڈیٹا سینٹر اور سائبر سکیورٹی تربیتی انسٹی ٹیوٹ کے افتتاح کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔

S/B - PM Cyber Terrorism

تقریباً 170 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیے گئے اس ڈیٹا سینٹر سے کلیدی مالیاتی ڈیٹا کے تحفظ کو تقویت ملنے اور بھارت کے مالیاتی بنیادی ڈھانچے کی مزاحمت میں اضافہ ہونے کی امید ہے۔

وہیں سائبر سکیورٹی تربیتی انسٹی ٹیوٹ، سائبر سکیورٹی، انٹرپرائز کمپیوٹنگ اور اُبھرتی ٹکنالوجیز کے میدان میں خصوصی تربیت فراہم کرے گا اور تحقیق کو فروغ دے گا۔×

Jaishankar Terrorism

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دہشت گردی کا سرکاری پالیسی کے طور پر استعمال پوری طرح ناقابلِ قبول ہے اور اِسے کسی بھی طرح سے صحیح نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اسی لیے جاری ہے، کیونکہ سبھی ممالک اس لعنت کے تئیں عدم برداشت کا رویہ اختیار نہیں کرتے۔ ڈاکٹر جے شنکر، Chinmaya مشن کے 75 سال مکمل ہونے کے موقعے پر نئی دلّی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو سبھی کو لاحق خطرات کے تعلق سے وسیع تر آگاہی حاصل کرنی ہوگی اور دہشت گردی کی سبھی شکلوں اور مظاہر سے نمٹنے کیلئے پختہ عزم کے ساتھ متحد ہونا ہوگا۔

جناب جے شنکر نے دنیا میں جاری تنازعوں کے پسِ منظر میں امن کی اہمیت کو اُجاگر کیا اور یہ کہتے ہوئے خبردار کیا کہ کسی بھی جگہ کی جنگ سے ہر طرف کا امن خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ دنیا میں جاری دو بڑی جنگوں یوکرین اور مغربی ایشیاء کا حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِن جنگوں کی قیمت وہ لوگ، معاشرے اور معیشتیں چکا رہی ہیں، جن کا اِن جنگوں سے کوئی لینا دینا نہیں ہے اور اِن معاملات میں اُن کی رائے کی زیادہ اہمیت بھی نہیں ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے اس بات کو دوہرایا کہ عالمی خطّۂ جنوب آج 4F کے بحران سے گزر رہا ہے، جس میں فائنس یعنی مالیات، فیول یعنی ایندھن، فوڈ یعنی غذا اور فرٹیلائزر یعنی کھاد شامل ہیں۔

جناب جے شنکر نے واضح کیا کہ عالمی خطّۂ شمال کو یہ سمجھنا ہوگا کہ مسائل کا حل تلاش کرنے میں عالمی خطّۂ جنوب کا بھی مساوی حصہ ہے۔ ×

ISRO Space Operations

ISRO کے چیئرمین وی-نارائنن نے کہا ہے کہ بھارت، کارکردگی انجام دینے والے چار لانچ پیڈز کا، 2029 تک آغاز کرکے، خلاء کے اپنے کاموں کو خاطرخواہ توسیع دیگا۔ جناب نارائنن نے کہا کہ اِن میں تمل ناڈو کے Tuticorin ضلع کے Kulasekarapattinam علاقے میں دو ہزار ایکڑ پر قائم، چھوٹے سیارچے خلاء میں بھیجنے والا راکٹ SSLV کمپلیکس، اور سری ہری کوٹہ میں تیسرا لانچ پیڈ شامل ہے۔ اِس کا مقصد سیارچوں کو خلاء میں بھیجنے کی عالمی مانگ کو پورا کرنا ہے۔

ISRO کے سربراہ نے کہا کہ آئندہ Kulasekarapattinam کا یہ لانچ پیڈ، نہایت اہم بنیادی ڈھانچے سے لیس ہوگا۔

جناب نارائنن نے یہ بھی کہا کہ ISRO کا منصوبہ ہے کہ وہ اگلے دو مہینے میں، بغیر عملے والا پہلا گگن یان تجربہ انجام دے گی، جس کے بعد وہ اِسی طرح کے مزید دو تجربے کرے گی اور پھر عملے والے مشن کو خلاء میں بھیجا جائے گا۔

جناب نارائنن نے چندریان پانچ سے متعلق منصوبوں کا بھی انکشاف کیا، جو جاپان کی خلائی ایجنسی کے ساتھ اشتراک پر مبنی ایک چاند مشن ہے، جس میں 350 کلوگرام کا Rover بھی شامل ہوگا، تاکہ چاند کی سطح پر، 100 دن تک تجربے کئے جاسکیں۔

اُنھوں نے یہ وضاحت بھی کی کہ قومی خلائی ایجنسی کو پرائیویٹ ہاتھوں میں نہیں دیا جائے گا۔ ISRO کے چیئرمین نے

زور دے کر کہا کہ ہزاروں سیارچوں کو خلاء میں بھیجنے کی عالمی اور گھریلو مانگ کو پورا کرنے کیلئے، پرائیویٹ کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری لازمی ہے۔×

BJP Protest

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP آج ملک بھر میں اپنے سبھی ریاستی صدر دفتر پر کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کے خلاف احتجاج کرے گی، جنھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے آنجہانی والد کے بارے میں توہین آمیز تبصرے کیے تھے۔×

Shah Kharge Remark

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے، کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے پر، وزیراعظم نریندرمودی کے والد کے بارے میں اُن کی رائے زنی پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ یہ پہلی بار نہیں ہے کہ کانگریس پارٹی نے وزیراعظم مودی کے کنبے کے خلاف بد زبانی کی ہو۔ وزیرداخلہ نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی کے رہنماؤں نے، جناب مودی کی قابل احترام والدہ کی شان میں گستاخی کی اور اُن کی غربت کا مذاق اُڑایا۔

اُنہوں نے مزید الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، راہل گاندھی کی قیادت میں شائستگی کی حدیں ہر روز پار کرتی رہتی ہے۔ جناب شاہ نے کہاکہ انتخابات میں پچھلے 12 سال تک ہارتے رہنے کے بعد، کانگریس پارٹی میں، اِس طرح کی بوکھلاہٹ اور مایوسی پیدا ہوگئی ہے۔×

Prez PM Valmiki Jayanti

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندرمودی نے، آج مہارشی والمیکی جینتی کے موقعے پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ مہارشی والمیکی نے، جو رامائن ترتیب دی ہے، اُس سے ہر ایک کو فرض، اچھے رویے، بے لوث کام، دوسروں کی بھلائی، دوستی، قربانی، دُرستی اور خود کو وقف کردینے کی تعلیمات حاصل ہوتی ہیں۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ انسانیت کے تئیں، مہارشی والمیکی کے گراں قدر پیغامات، ملک کے عوام کیلئے، ہمیشہ مشعل راہ ثابت ہوں گے۔×

Andhra Visit

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن آج سے آندھرا پردیش کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ نائب صدر وِجے واڑہ میں ڈاکٹر NTR یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی 40 ویں سالگرہ کی تقریبات میں بطور مہمان شرکت کریں گے۔ اُس کے بعد وہ تروپتی میں شری وینکیٹشور سوامی مندر اور Tiruchanur میں شری پدماوتی Ammavari مندر میں پوجا کریں گے۔×

Rain

کیرالم، اُڈیشہ اور آندھراپردیش میں شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ آکاشوانی کے وشاکھاپٹنم کے نمائندے نے بتایا کہ آندھراپردیش اور متصلہ جنوبی اُڈیشہ کے ساحلی علاقوں کو اورینج الرٹ پر رکھا گیا ہے، کیونکہ خلیج بنگال پر بنے ہوا کے دباوٴ کے تیزی سے بڑے سمندری طوفان میں بدلنے کا امکان ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات کے مطابق یہ طوفان وشاکھاپٹنم سے 730 کلو میٹر اور باپٹلا سے 990 کلو میٹر کی دوری پر مرکوز ہے۔ اس طوفان کے 28 اکتوبر کی صبح تک باپٹلا اور وشاکھاپٹنم کے درمیان آندھراپردیش اور یانم ساحلوں پر پہنچنے کا امکان ہے اور اس دوران 140 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔

اس دوران اُڈیشہ حکومت نے اپنی تیاریوں میں اضافہ کرتے ہوئے ریاست کے خطرے سے دوچار اُن ضلعوں میں طوفان سے نمٹنے کے انتظامات کی نگرانی کیلئے 8 وزراء کو تعینات کیا ہے، جہاں شدید بارش اور تیز ہواوٴں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اِن میں دو نائب وزراء اعلیٰ بھی شامل ہیں، جو کوکرا پُٹ، رائے گڑھا، کندھمال، گنجام، نبرنگ پور، ملکان گری، کالا ہانڈی اور گجاپتی میں تیاریوں کی نگرانی کریں گے۔ اُڈیشہ کے جنوبی ضلعوں میں کل سے جمعرات کے روز تک انتہائی شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ سمندری طوفان ارنب کی وجہ سے کچھ ساحلی ضلعوں میں بھی موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔

بھارتی محکمۂ موسمیات نے بتایا کہ سمندری طوفان ارنب کل صبح تک شدید سمندری طوفان میں بدل جائے گا اور یہ بدھ کے روز آندھراپردیش کے ساحل سے انتہائی شدید سمندری طوفان بن کر ٹکرائے گا۔

دوسری جانب کیرالم میں گزشتہ روز کے مقابلے آج بارش کی شدّت میں کمی آنے کا امکان ہے۔ کیرالم میں تین ضلعوں میں ریڈ الرٹ نافذ تھا۔ اس دوران آج ملاّپورم، Palakkad، Idukki اور Pathanmthitta ضلعوں میں آج کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے، جہاں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ وہیں کنّور اور کاسرگوڑ ضلعوں کیلئے آج بارش کی کوئی وارننگ نہیں ہے، جبکہ دیگر ضلعے موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی وجہ سے Yellow الرٹ کے تحت ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ خلیج بنگال میں گہرا دباوٴ آج مزید شدّت اختیار کر کے ایک سمندری طوفان میں تبدیل ہو جائے گا۔ IMD نے ماہی گیروں کو آئندہ دو دن کے دوران مغربی وسطی اور ملحقہ شمال مغربی اور جنوب مغربی بنگال میں نہ جانے کا مشورہ دیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD نے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر مرتیونجے موہاپاترا نے کہا کہ گہرے دباوٴ کی وجہ سے سمندر کی صورتحال اور زیادہ خراب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہوا کی رفتار سے ڈھانچے اور کھڑی فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچ سکتا ہے۔

ڈاکٹر موہاپاترا نے مزید کہا کہ شدید بارش کی وجہ سے نشیبی علاقوں میں سیلاب اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائڈنگ کا سبب بن سکتا ہے اور ان علاقوں میں رہنے والے افراد سے محتاط رہنے کی اپیل کی۔

S/B - Dr. Mrutyunjay Mohapatra

اس دوران محکمۂ موسمیات نے آج کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں شدید سے انتہائی شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔×

Brazil Election Results

برازیل میں بائیں بازو کے صدر Lula Da Silva صدارتی انتخاب جیت گئے ہیں۔ Da Silva نے سخت صدارتی مقابلے میں دائیں بازو کے قانون ساز Flavio Bolsonaro کو شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی Lula Da Silva برازیل کی جدید تاریخ کے ایسے واحد سیاستداں ہیں، جنہوں نے پہلے راؤنڈ میں پیچھے رہنے کے باوجود دوسرے راؤنڈ میں کامیابی حاصل کی۔ موجودہ صدر Lula نے آخری رن آف انتخاب، 51 فیصد ووٹوں سے جیتا۔ انہوں نے کُل 51 اعشاریہ چار-نو ملین ووٹ حاصل کیے۔ وہیں Bolsonaro نے تقریباً 49 فیصد ووٹ حاصل کیے، جو کہ کُل 48 اعشاریہ آٹھ ملین ووٹ بنتے ہیں۔ دونوں امیدواروں کے درمیان جیت کا فرق محض 2 اعشاریہ 6 ملین ووٹوں کا رہا۔

بیحد سخت اور قریبی مقابلے کی وجہ سے پورے برازیل میں پولنگ اسٹیشنز ، طے شدہ وقت سے دو گھنٹے زیادہ وقت تک کھلے رہے۔

80 سالہ سابق یونین لیڈر Lula Da Silva، اگلے سال 5 جنوری کو اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔ اس دوران وہ برازیل کے جمہوری ملک بننے کے بعد سے سب سے معمر صدر بننے کے اپنے ہی ریکارڈ کو توڑیں گے۔ اس جیت کے ساتھ ہی Lula نے غیر متوقع طور پر لگاتار چوتھی مدّتِ کار حاصل کر لی ہے۔ Lula نے مجموعی طور پر 7 مرتبہ صدارتی انتخاب لڑا ہے۔×

Womens Cricket

خواتین کرکٹ میں، کُل رات وڈودرا میں کھیلے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے زمبابوے کو 121 رن سے ہرا دیا۔ اس طرح بھارت نے تین میچوں کی سیریز میں دو-صفر کی ناقابلِ تسخیر سبقت حاصل کر لی ہے۔ بھارت کی جانب سے دیے گئے 329 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے زمبابوے کی پوری ٹیم 48 اوورس اور 5 گیندوں میں 207 رن ہی بنا سکی۔ ہرمن پریت کور کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

سیریز کا تیسرا اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ وڈودرا میں ہی بدھ کے روز کھیلا جائے گا۔×

World Weightlifting Champ

بین الاقوامی ویٹ لفٹنگ فیڈریشن نے اعلان کیا ہے کہ احمدآباد، 2029 میں سینئر عالمی ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ کی میزبانی

کرے گا۔ ایسا پہلی بار ہے کہ بھارت اِن سینئر عالمی مقابلوں کا اہتمام کرے گا۔

یہ فیصلہ چین کے شہر نِنگ بو میں IWF کے ایگزیکیٹو بورڈ کی میٹنگ میں کیا گیا ہے۔ IWF نے 2030 کے میزبانی کے حقوق، روس کی راجدھانی ماسکو کو دیئے ہیں۔x

Tennis

ٹینس میں بھارت کے سرکردہ مقام کے ڈبلز کے کھلاڑی یو-کی بھامبری نے اپنے امریکی جوڑی دار Ryan Seggerman کے ساتھ مل کر کل قزاقستان میں Almaty Open خطاب جیت لیا ہے۔ چوتھے درجے کی بھارت-امریکہ جوڑی نے، آسٹریلیا کے سرکردہ کھلاڑی Lucas Miedler اور Neil Oberleitner کو ATP 250 ٹورنامنٹ کے فائنل میں سات-چھ، چھ-سات، دس-دو سے شکست دی۔x

French Open Bedminton

دو مرتبہ کی اولمپک میڈل یافتہ بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو، فرینچ اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ کے فائنل میں ہار گئی ہیں۔ کل فرانس کے پیرس میں کھیلے گئے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں عالمی نمبر ایک جنوبی کوریا کی An Se-Young نے سندھو کو تین گیمز کے سیٹ میں شکست دی۔ سندھو نے شروعاتی گیمز 21-16 سے جیتا، تاہم An Se-Young نے زبردست واپسی کرتے ہوئے دوسرا گیم 21-11 اور فیصلہ کُن گیم 21-12 سے اپنے نام کیا۔ اس طرح An Se-Young نے لگاتار تیسری مرتبہ فرینچ اوپن کا خطاب اپنے نام کیا۔x

Must Announcement

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''عوامی شکایات کا پورٹل شفاف اور جوابدہ حکمرانی کے ذریعے شہریوں کو بااختیار بنانے'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، نئی دلّی کے ایمز میں نفسیات کے محکمے سے وابستہ NIC-DARPG کے سینئر ٹیکنیکل ڈائریکٹر سندیپ سکسینہ کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فیصل خان
شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دِلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے وارانسی دورے کی خبر کو اوّلیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے: 'وزیراعظم نے بھارتی فضائیہ کے شاندار ایئرشو کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر وزیردفاع راجناتھ سنگھ، گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے 7 کلو میٹر کا روڈشو کیا اور اروند ٹیکسٹائل مِل کی یونٹ کا افتتاح بھی کیا'۔

روزنامہ پرتاپ نے اپنے صفحہ اوّل پر وزیرخارجہ ایس جے شنکر کے ایک بیان کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے شہ سرخی بنایا ہے: 'کسی بھی طرح کے تنازعات کو حل کرنے کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارتکاری ہے'۔

'برکس پارلیمانی فورَم کی کانفرنس آج سے دِلی میں شروع، بھارت کے علاوہ 10 رُکن ممالک اور 11 مدعو ممالک کے نمائندے کررہے ہیں شرکت'۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے اپنے قومی صفحے پر شائع کیا ہے۔

اخبار کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ٹرمپ کے مسلسل غلط فیصلوں کا نتیجہ عوام بھگت رہے ہیں: اوباما کا بیان
☆ اسرائیل میں انتخابات سے قبل نتن یاہو حکومت کے خلاف زبردست احتجاج
☆ سعودی عرب نے 7 ہزار سے زائد غیرملکیوں کو واپس بھیجا۔
☆ برطانیہ میں طوفان سے 57 ہزار سے زائد گھر بجلی سے محروم۔
☆ فرانس، اٹلی اور اسپین سمیت کئی یوروپی ممالک میں کرپشن کے خلاف لوگ سڑکوں پر اُترے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- برکس کا 12 واں پارلیمانی فورَم آج سے نئی دِلّی میں شروع ہورہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اِس تقریب میں شرکت کریں گے اور مہمان وفود کے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ملکی معاملات کے آلۂ کار کے طور پر دہشت گردی کا استعمال ناقابل قبول ہے اور اِسے کبھی جائز یا معقول نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

3- ISRO کے چیئرمین وی-نارائنن نے کہا ہے کہ بھارت، کارکردگی انجام دینے والے چار لانچ پیڈ 2029 تک شروع کرکے اپنے خلائی کام کاج کو خاطرخواہ وسعت دے گا۔

4- امکان ہے کہ خلیج بنگال پر ہوا کا گہرا کم دباؤ شدت اختیار کرکے آج سمندری طوفان میں بدل جائے۔

5- برازیل کے بائیں بازو کے صدر Lula Da Silva چوتھی مدت کیلئے منتخب کئے گئے ہیں۔ اُنہوں نے Flavio Bolsonaro کو سنسنی خیز طریقے سے ہرایا۔

6- اور......خواتین کرکٹ میں دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے زمبابوے کو 121 رن سے شکست دی۔ اِس طرح وہ تین میچوں کی سیریز میں دو-صفر سے ناقابل تسخیر سبقت حاصل کرگیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

~~~~~~
~~~~~~